سوال

(590) داڑھی کو کالے رنگ سے رنگنا

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

داڑھی کو ایسے کالے رنگ کے ساتھ رنگنے کے بارے میں کیا حکم ہے، جو سفید بالوں کے رنگ کو سیاہ رنگ میں تبدیل کر دے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

مختار اور راجح قول یہ ہے کہ سفید بالوں کو کالے رنگ سے رنگنا حرام ہے، کیونکہ نبی ﷺ نے فرمایا:

«غَيِّرُوا هٰذَا بِشَيْءٍ، وَاجْتَنِبُوا السَّوَادَ» (صحیح مسلم، اللباس، باب استحباب الشیب بصفرة---الخ، ح 2102، وسنن ابی داود 4204 وسنن ابن ماجه، ح 3624 سنن النسائی، ح: 5079)

''ان سفید بالوں کو رنگ دو مگر سیاہ رنگ سے انہیں بچانا۔''

نیز نبی ﷺ نے فرمایا ہے:

"يَكُونُ قَوْمٌ فِي آخِرِ الزَّمَانِ يَخْضِبُونَ بِهٰذَا السَّوَادِ-قَالَ حُسَيْنٌ كَحَوَاصِلِ الْحَمَامِ-لَا يَرِيحُونَ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ" (سنن ابی داود، الترجل، باب ما جاء فی خضاب السواد، ح 3212)

''آخری زمانے میں کچھ ایسے لوگ بھی ہوں گے جو اپنی داڑھیوں کو اس طرح رنگیں گے گویا وہ کبوتر کے پیٹے ہوں، یہ لوگ جنت کی خوشبو بھی نہیں پا سکیں گے۔''

آج کل چھوٹے بڑے بہت سے لوگ جو کالا رنگ استعمال کر رہے ہیں تو اس کا کوئی اعتبار نہیں کیونکہ حق اس بات کا زیادہ مستحق ہے کہ اس کا اتباع کیا جائے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص445

محدث فتویٰ